euaa
EUROPEAN UNION
AGENCY FOR ASYLUM

CNA
COMMISSIONE NAZIONALE
PER IL DIRITTO DI ASILO

اٹلی

# آپ کو پناہ کے لئے درخواست دینے کے بارے میں کیا جاننے کی ضرورت ہے

## اکیلے آنے والے بچوں کے لئے معلومات




ہیلو، ہم مختلف ممالک سے آنے والے بچے ہیں۔ ہم نے اٹلی میں تحفظ تلاش کرنے سے پہلے بہت لمبا سفر طے کیا ہے۔ ہم خود سے، اپنے والدین کے بغیر آئے ہیں۔
ہیلو۔ میرا نام لیزا ہے۔ آپ کو پناہ (جسے بین الاقوامی تحفظ بھی کہا جاتا ہے) کے بارے میں کیا جاننے کی ضرورت ہے، یہ میں آپ کو سمجھاؤں گی۔



## بین الاقوامی تحفظ کیا ہوتا ہے؟





اگر کوئی شخص اس وجہ سے اپنے ملک واپس نہیں جا سکتا، کیونکہ انہیں وہاں خطرہ ہے، تو انہیں بین الاقوامی تحفظ مل سکتا ہے، اور وہ اس ملک میں رہ سکتے ہیں جس نے انہیں یہ تحفظ دیا تھا۔

بین الاقوامی تحفظ کس کو مل سکتا ہے، اور اس کا پراسیس کیا ہے، اس کے بارے میں آپ کے سرپرست آپ کو مزید معلومات دیں گے۔

یورپ میں بین الاقوامی تحفظ کو پناہ، پناہ گزین کا اسٹیٹس، یا ذیلی تحفظ بھی کہا جا سکتا ہے۔ ہو سکتا ہے کہ آپ نے پناہ کے بارے میں سنا ہو۔ میں بین الاقوامی تحفظ کے بارے میں بات کرتے وقت، پناہ کا ہی لفظ استعمال کروں گی، کیونکہ اسے یاد رکھنا زیادہ آسان ہے۔

## یاد رکھیں، آپ اب محفوظ ہیں۔


چاہے وہ کہیں سے بھی آئے ہوں، ان کا مذہب کچھ بھی ہو، یا ان کا رنگ کچھ بھی ہو، یورپ میں ہر کسی کے ساتھ برابری کا سلوک کیا جاتا ہے۔





یورپ میں، 18 سال سے کم عمر کے تمام
لوگوں کو بچہ سمجھا جاتا ہے۔

آپ بچے ہیں، اس لئے آپ کچھ خاص
حقوق رکھتے ہیں۔ آپ کی سلامتی اور آپ
کی خیریت، دونوں بہت اہم ہیں۔



جیسا که یہاں دکھایا گیا ہے، آپ کو کئی مختلف افسران ملیں گے، جیسے که پناہ کے حکام کا عملہ۔ وہ آپ سے آپ اور آپ کے یورپ تک کے سفر کے بارے میں سوالات پوچھیں گے۔

یاد رکھیں که افسران کا کام آپ کی مدد کرنا اور آپ کے لئے صحیح فیصلے کرنا ہے۔

آپ کیا سوچ رہے ہیں، آپ کو کس چیز کی ضرورت ہے، اور آپ کیسا محسوس کر رہے ہیں، آپ کبھی بھی افسران کو بتا سکتے ہیں۔



# سرپرست کون ہوتا ہے؟





آپ یہاں اپنے والدین کے بغیر آئے تھے۔ اس لئے حکام آپ کے لئے ایک بالغ شخص مختص کریں گے۔ انہیں سرپرست کہا جاتا ہے اور وہ آپ کی مدد کریں گے۔

سرپرست وہ شخص ہوتا ہے جو والدین یا کسی دوسرے ذمہ دار شخص کے بغیر یورپ آنے والے بچوں کی مدد کرے۔



سرپرست آدمی یا عورت ہو سکتے ہیں۔ سرپرستوں کو «نمائندے» یا «قانونی نمائندے»۔ بھی کہا جاتا ہے۔

اگر آپ اب تک اپنے سرپرست سے نہیں ملے ہیں، تو آپ کی جلد ان سے ملاقات کروائی جائے گی۔

بعض دفعہ ہو سکتا ہے کہ آپ کی مستقل سرپرست سے ملاقات سے پہلے حکاّم آپ کے لئے ایک عارضی سرپرست مختص کریں۔




آپ کو آپ کے قیام کے متعلق تمام ضروری معلومات دینے، اور آپ کو اہم فیصلوں میں مدد کرنے کے لئے، سرپرست موجود ہے۔ مثال کے طور پر، سرپرست آپ کو آپ کی پناہ کی درخواست کے سلسلے میں مدد کریں گے، آپ کو پراسیس سمجھائیں گے، آپ کو آپ کے حقوق اور آپ کی ذمہ داریاں سمجھائیں گے، اور حکام کے ساتھ آپ کی میٹنگز میں آپ کے ساتھ ہوں گے۔

آپ کسی بھی وقت سرپرست کو اپنی رائے دے سکتے ہیں، ان سے سوالات پوچھ سکتے ہیں اور انہیں اپنی ضروریات کے بارے میں بتا سکتے ہیں۔ وہ آپ کی مدد کرنے کے لئے موجود ہیں۔



اگر آپ کو اپنے سرپرست کے ساتھ کوئی مسئلہ ہو تو جس مرکز میں آپ موجود ہیں وہاں کے عملے (آپریٹرز) کو بتائیں۔ اس سے آپ کی پناہ کی درخواست منفی طور پر متاثر نہیں ہوگی۔





# پراسیس کے دوران کیا مدد فراہم کی جائے گی؟



رہنے کے لئے
محفوظ جگہ



کپڑے



آپ کی ضرورت کا
دوسرا سامان



کھانا



آپ ڈاکٹر کے پاس جا
سکتے ہیں



اسکول جانے کا
امکان



آپ ایک ایسی جگہ رہیں گے جو آپ کے لئے صحیح ہوگی اور آپ کو
آپ کی عمر کے لحاظ سے ضروری مدد ملے گی

# میں نے پناہ مانگی ہے، اب کیا ہوگا؟






**سب سے پہلے، آپ کی درخواست کو رجسٹر کرنے اور جمع کروانے کی ضرورت ہے۔**

31.10.2026 تک، درخواست کو اسی دن، آپ کی طرف سے جمع کرائے جانے کے بعد 5 دنوں کے اندر اندر رجسٹر کیا جائے گا۔

آپ کا سرپرست (گارڈین) / آپ کا موقتی سرپرست / آپ کی رہائش گاہ پر کام کرنے والے بالغ افراد آپ کو دن اور وقت کے بارے میں مطلع کریں گے اور آپ کا سرپرست حکام کے پاس آپ کے ساتھ جائے گا۔

اس پورے طریقہ کار کے دوران آپ کا سرپرست آپ کے ساتھ رہے گا



# رجسٹریشن اور درخواست جمع کرنے کے دوران یہ ہوگا...



آپ افسران کو اپنے پاس موجود تمام شناختی دستاویزات دکھائیں گے (پاس پورٹ، شناختی کارڈ، وغیرہ)۔



ہو سکتا ہے کہ آپ اور آپ کے سامان کی تلاشی لی جائے۔ ہو سکتا ہے کہ حکام کچھ دیر کے لئے آپ کا سامان رکھ لیں، لیکن وہ خطرناک سامان کے علاوہ، آپ کو آپ کا سارا سامان واپس کر دیں گے۔



آپ کی تصویر کھینچی جائے گی۔



آپ کی انگلیوں کے نشانات لئے جائیں گے۔



ہو سکتا ہے کہ آپ ڈاکٹر کے پاس جائیں



- ایک افسر آپ سے آپ کے اور یورپ میں آپ کے خاندان کے بارے میں سوالات پوچھیں گے
- اضافی معلومات حاصل کی جائے گی: جیسے کہ وہ زبانیں جو آپ بولتے ہیں



ایک افسر آپ سے آپ کی رابطے کی تفصیلات (آپ کا پتہ اور فون نمبر) فراہم کرنے کو کہیں گے۔



آپ سے ان کے بارے میں مزید سوالات پوچھے جائیں گے:

- آپ اور آپ کے گھر والے
- آپ کے ملک اور آپ جہاں پہلے رہے تھے
- آپ کے ملک چھوڑنے اور واپس جانے کی خواہش نہ ہونے کی وجوہات
- آپ اٹلی کیسے آئے





## یاد رکھیں!

آپ کے لئے اپنے سرپرست سے بات کرنا اور پناہ کے حکام کے ساتھ کام کرنا بہت ضروری ہے۔




آپ اپنے سرپرست یا افسران سے جو بھی کہیں گے اسے **رازدار** رکھا جائے گا۔ اس کا مطلب ہے کہ آپ انہیں جو بھی معلومات فراہم کریں گے، انہیں نہ تو آپ کے آبائی ملک کی حکومت کو دیا جائے گا اور نہ ہی ان لوگوں کو جن سے آپ کو خوف ہو۔



# کیا میں پناہ کے پراسیس کے دوران اٹلی میں رہوں گا/رہوں گی؟



رجسٹریشن کے بعد حکام فیصلہ کریں گے کہ آپ کی درخواست پر کونسا ملک کام کرے گا؟ یہ یا تو اٹلی میں ہوگا یا کسی دوسرے یورپی ملک میں۔ آپ یہ ملک منتخب نہیں کر سکتے، لیکن آپ کے بہترین مفادات پر غور کیا جائے گا۔ حکام آپ کو اس کے بارے میں سمجھائیں گے۔





رجسٹریشن کے دوران آپ کے لئے حکام کو بتانا ضروری ہے کہ:

- کیا آپ کا خاندان کسی دوسرے یورپی ملک میں رہتا ہے
- کیا آپ نے پہلے کسی دوسرے یورپی ملک میں پناہ مانگی ہے۔

اگر یورپ میں آپ کے خاندان کا کوئی فرد ہے، تو عملے کو اپنے گھر والوں کے بارے میں سب کچھ بتانا ضروری ہے۔ ہو سکتا ہے کہ آپ ان کے ساتھ اس ملک میں، یا ان کے ملک میں رہ سکیں۔

اگر آپ کو معلوم نہیں ہے کہ آپ کے گھر والے کہاں ہیں، یا آپ کا ان سے رابطہ نہیں ہو رہا، تو آپ اپنے سرپرست / افسران سے اپنے گھر والوں کو تلاش کرنے میں مدد مانگ سکتے ہیں۔





# رجسٹریشن اور جمع کرنے کے بعد کیا ہوگا؟

رجسٹریشن کے بعد آپ کو ایک (عارضی) دستاویز دیا جائے گا جس میں بتایا جائے گا کہ آپ کی درخواست ڈالی اور رجسٹر کی جا چکی ہے۔

اپنی درخواست جمع کرنے کے بعد، آپ کو ایک دستاویز دیا جائے گا جس میں لکھا ہوگا کہ آپ نے پناہ مانگی ہے۔ یہ دستاویز بہت ضروری ہے، اس لئے اس کا خاص خیال رکھیں۔ جب بھی آپ اس جگہ سے باہر جائیں جہاں آپ ٹھہرے ہوئے ہیں، یا جب بھی آپ کی حکام کے ساتھ میٹنگ ہو، تو اسے اپنے ساتھ لے کر جائیں۔







# افسران کو میری عمر کیسے معلوم ہوگی؟



اگر آپ کے پاس اپنی عمر کو ثابت کرنے کے لئے دستاویزات نہ ہوں، اور اگر حکام کو آپ کی عمر پر شک ہو، تو پناہ کے حکام کا عملہ آپ سے عمر کا تخمینہ کروانے کی درخواست کر سکتے ہیں۔ یہ ایک عمل ہے جس سے اندازہ لگایا جاتا ہے کہ آپ کی عمر کتنی ہے۔

آپ کی عمر کا اندازہ لگانے کے کئی مختلف طریقے ہیں۔

مثال کے طور پر، اس کی بنیاد آپ کے جمع کردہ دستاویزات یا افسران یا مختلف ماہرین کے ساتھ آپ کے انٹرویوز ہو سکتے ہیں۔ مزید شک کی صورت میں آپ سے طبی معائنہ کروانے کی درخواست کی جا سکتی ہے۔ اگر ایسا ہو تو آپ اور آپ کے سرپرست سے رضامندی دینے کو کہا جائے گا۔

اگر اس عمر کے تخمینے سے ثابت ہو کہ آپ کی عمر 18 سال سے زیادہ ہے تو آپ کو بالغ سمجھا جائے گا۔ اگر ایسا ہو تو آپ کو مزید معلومات ملے گی۔



اگر حکام کا خیال ہو کہ کسی نے آپ کو چوٹ پہنچائی ہے، تو وہ آپ کو ڈاکٹر کے پاس جانے کی تجویز کریں گے۔

آپ کی درخواست پر کام کرنے کے دوران طبی معائنے کے نتائج پر غور کیا جائے گا۔





**آپ کی درخواست جمع ہونے کے بعد، ہو سکتا ہے کہ آپ کا ایک یا ایک سے زیادہ ذاتی انٹرویو ہو۔**

اس کا مطلب ہے کہ ایک افسر آپ سے آپ کے بارے میں سوالات کریں گے، اور یہ بھی پوچھیں گے کہ آپ نے اپنا ملک کیوں چھوڑا اور آپ اپنے ملک کیوں واپس نہیں جانا چاہتے۔ اگر حکام آپ سے کسی انٹرویو میں حصہ لینے کو کہیں، تو آپ کو اس انٹرویو پر جانا ہوگا اور آپ کو جو یاد ہو، انہیں سب کچھ بتانا ہوگا۔ ذاتی انٹرویو کو آڈیو ریکارڈ کیا جائے گا۔

آپ کے سرپرست آپ کو بتائیں گے کہ یہ انٹرویو کب اور کہاں ہوگا، اور آپ کو انٹرویو کے دوران معاونت فراہم کریں گے۔





# اگر مجھے افسران کی زبان سمجھ نہ آئے تو کیا ہوگا؟



اگر آپ کو اطالویسمجھ نہ آئے، تو آپ کی زبان بولنے والا مترجم آپ کو سمجھنے میں مدد کر سکتے ہیں۔

کہی ہوئی باتوں کا ترجمہ کرنے کے علاوہ مترجم کا آپ کے کیس میں کوئی کام نہیں ہوتا۔ آپ کیس افسر اور مترجم کو جو کہیں گے اسے رازدار رکھا جائے گا۔

اپنے آرام کے مطابق، آپ درخواست کر سکتے ہیں کہ مترجم خاتون یا مرد ہوں۔ اگر دستیاب ہوں تو انہیں فراہم کیا جائے گا۔ جتنی جلدی ہو سکے، اپنے سرپرست کو انٹرویو سے پہلے بتائیں کہ کیا آپ کسی خاتون یا کسی مرد کی سہولیات حاصل چاہتے ہیں۔






# اس سب میں کتنا وقت لگے گا؟



انٹرویو کے بعد، آپ نے جو بھی بتایا ہے، اس پر نظر ڈالی جائے گی۔

درخواست جمع کرنے کے بعد، ہو سکتا ہے کہ آپ کو فیصلے کے لئے **6 مہینے** تک انتظار کرنے کی ضرورت ہو۔ بعض صورتوں میں اس سے زیادہ وقت لگ سکتا ہے، لیکن اس میں **21 مہینے** سے زیادہ نہیں لگنے چاہیے۔ انتظار کرنا مشکل ہو سکتا ہے، لیکن صبر سے کام لیں۔ حکام آپ کے لئے صحیح فیصلہ کرنا چاہتے ہیں۔

اگر آپ کو انتظار کرنا مشکل لگ رہا ہو تو آپ کسی بھی وقت اپنے سرپرست سے بات کر سکتے ہیں۔



میرے ایک دوست نے کہا تھا کہ حکام
اس کی پناہ کی درخواست کا جائزہ نہیں
لیں گے۔ اس کی کیا وجہ ہے؟





حکام پہلے یہ چیک کرتے ہیں کہ آیا
انہیں پناہ کی درخواست کا جائزہ لینے
کی ضرورت ہے یا نہیں۔

اگر آپ کو کسی دوسرے ملک میں
تحفظ مل چکا ہے یا اگر آپ کسی
ایسے ملک سے آئے ہیں جنہیں وہ
محفوظ سمجھتے ہیں، تو ہو سکتا
ہے کہ حکام آپ کی درخواست پر
پوری طرح کام نہ کریں۔



# مجھے کیا فیصلے ملے گا؟





پناہ کے حکام فیصلہ کریں گے کہ کیا آپ کو پناہ کی ضرورت ہے یا کیا آپ کے لئے دوسرے اختیارات موجود ہیں۔

آپ کو فیصلہ سمجھایا جائے گا۔


اگر آپ کا فیصلہ منفی ہو، اور آپ یا آپ کے سرپرست اس سے متفق نہ ہوں، تو آپ عدالت میں اس فیصلے کو چیلنج کر سکتے ہیں۔ اسے اپیل کہا جاتا ہے۔







# مجھے پناہ کے پراسیس کے متعلق مزید معلومات کیسے مل سکتی ہے؟





آپ کے سرپرست کے علاوہ قانونی مشیر بھی آپ کو پناہ کے پراسیس، آپ کے حقوق اور آپ کی ذمہ داریوں کے متعلق وضاحت فراہم کر سکتے ہیں۔

اپنے سرپرست سے ان سے رابطہ کرنے کا طریقہ معلوم کریں۔



اگر آپ کسی وکیل کی مدد حاصل کرنا چاہتے ہیں تو اپنے سرپرست یا کسی دوسرے افسر سے بات کریں۔



# وکیل اور آپ کے سرپرست آپ کو مندرجہ ذیل میں مدد کر سکتے ہیں:





حکام کے ساتھ انٹرویو کی تیاری۔

پناہ کے افسران کے ساتھ بات کرنا



آپ کی پناہ کی درخواست کا فیصلہ سمجھنا، اور اگر آپ یا آپ کے سرپرست اس فیصلے سے متفق نہ ہوں، تو اپیل کرنا۔



آپ اپنے پناہ کے پراسیس کے دوران کسی بھی وقت
UNHCR سے بات کر سکتے ہیں۔

UNHCR پناہ تلاش کرنے والوں اور پناہ گزین کی مدد
کرتا ہے اور انہیں تحفظ فراہم کرتا ہے۔

UNHCR میں کام کرنے والے افراد درخواست دہندگان کو
معلومات اور معاونت فراہم کرتے ہیں۔
آپ کو https://help.unhcr.org/ پر مزید معلومات
ملے گی۔



UNHCR
The UN Refugee Agency



# اگر میں بیمار ہوں یا بہت زیادہ پریشانی کا شکار ہوں تو مجھے کس طرح مدد مل سکتی ہے؟



اپنے سرپرست، افسر، یا آپ کی رہائش میں کام کرنے والے کسی شخص کو بتائیں، اگر:



کسی نے آپ کو چوٹ پہنچائی ہے

آپاداس، غصے میں یا خوفزدہ محسوس کر رہے ہیں یا اگر آپ کو سونے میں مشکل ہو رہی ہے

آپ معذوری، بیماری، یا کسی دوسری مشکلات کے شکار ہیں یا اگر آپ حاملہ ہیں

ان صورتوں میں آپ کو مدد ملے گی



# کیا میری کوئی ذمہ داریاں ہیں؟

## جی ہاں



**آپ کو اس ملک کے قواعد اور قوانین پر عمل کرنا ہوگا۔**

اگر آپ کو قواعد یا قوانین کے بارے میں کوئی شبہ ہو تو اپنے سرپرست سے بات کریں۔

**آپ کو اسی جگہ رہنا ہوگا جہاں آپ کے سرپرست نے آپ کو رہنے کو کہا ہے۔**

حکام نے آپ کے لئے کسی جگہ کا انتخاب کیا ہے۔ حکام کی اجازت کے بغیر بھاگ کر نہ جائیں اور نہ ہی [اٹلی...] چھوڑ کر جائیں۔




**آپ کو افسران کے ساتھ کام کرنا ہوگا۔**

اگر آپ سے درخواست کی جائے تو آپ کو ان کے سوالات کا جواب دینے اور ان کی ہدایات پر عمل کرنے کی ضرورت ہے۔





**جب افسران آپ سے سوالات پوچھیں تو سچائی سے کام لیں اور آپ کو جو معلوم ہو، انہیں سب بتائیں۔**

آپ جو بھی کہیں گے وہ آپ کی درخواست کے لئے بہت ضروری ہے۔

ہو سکتا ہے کہ آپ کو سب کچھ یاد نہ ہو، اور آپ تمام سوالات کے جوابات نہ دے پائیں۔ اگر آپ کو یاد نہ ہو تو جھوٹے جوابات نہ دیں، بلکہ یہ بتائیں کہ آپ کو یاد نہیں ہے۔

**آپ کو حکام کے ساتھ تمام اپوائنٹمینٹس پر جانا ہوگا۔**

یہ اپوائنٹمینٹس بہت ضروری ہیں۔ آپ کو بتائے گئے دن اور وقت پر آنا ہوگا۔







**آپ کو رابطے کی درست تفصیلات فراہم کرنی ہوں گی۔**

آپ کو تمام معلومات اور اپوائنٹمنٹس موصول ہونے کو یقینی بنانے کے لئے،آپ کو حکام کو ایک پتہ یا فون نمبر دینا ہوگا۔ آپ کے سرپرست کو بھی یہ معلومات دی جائیں گی، اور وہ آپ کو آپ کے اپوائنٹمینٹس کے متعلق یاد دلا سکتے ہیں۔ اگر آپ کی رابطے کی تفصیلات تبدیل ہوں تو اپنے سرپرست اور پناہ کے حکام کے عملے کو بتائیں۔ یہ بہت ضروری ہے کہ وہ آپ سے رابطہ کر پائیں۔

**آپ کے لئے حکام کو اپنے پاس موجود تمام دستاویزات دینا ضروری ہے۔**

انہیں وہ تمام دستاویزات دیں جن کا تعلق آپ کی ذات سے، اور آپ کے ملک چھوڑنے کی وجوہات سے ہو۔ اس میں شناختی دستاویزات (پاس پورٹ)، پیدائشی یا اسکول کی سند، طبی دستاویز یا دوسرے دستاویزات شامل ہیں۔

آپ کو جلد از جلد تمام معلومات اور دستاویزات فراہم کرنے ہوں گے۔

اگر آپ کے پاس اس وقت یہ دستاویزات نہ ہوں، تو آپ انہیں بعد میں بھی فراہم کر سکتے ہیں۔ اپنے سرپرست سے بات کریں۔ ہو سکتا ہے کہ آپ کے سرپرست یہ دستاویزات حاصل کرنے اور وقت پر حکام کو فراہم کرنے میں آپ کی مدد کریں۔

**اگر آپ اپنی ذمہ داریاں پوری نہیں کر سکتے، تو اپنے سرپرست اور پناہ کے دفتر کے عملے کو فوراً اطلاع دیں اور انہیں وجہ بتائیں۔**







# اگر میں اپنی ذمہ داریاں پوری نہیں کروں تو کیا ہوگا؟

اگر آپ اپنی ذمہ داریاں پوری نہیں کرتے تو آپ کی درخواست منفی طور پر متاثر ہو سکتی ہے۔

میں نے جن حقوق اور معاونتی سہولیات کے بارے میں بتایا تھا، ہو سکتا ہے کہ آپ ان سے محروم ہو جائیں



**اگر آپ اپنی ذمہ داریاں پوری نہیں کرتے، تو ہو سکتا ہے کہ آپ کے پناہ کے پراسیس کو روک دیا جائے یا مسترد کر دیا جائے، جیسے کہ اگر:**

- آپ حکام کے سوالوں کا جواب نہیں دیتے، یا
- آپ انہیں اپنی انگلیوں کے نشانات نہیں لینے دیتے، یا
- آپ بغیر اجازت اپنی رہائش چھوڑ کر جاتے ہیں۔

ان صورتوں میں حکام سمجھیں گے کہ آپ اپنی درخواست کے بارے میں سنجیدہ نہیں ہیں۔ آپ پناہ گزین (درخواست گزار) نہیں رہیں گے اور بین الاقوامی تحفظ کے درخواست گزار کی حیثیت سے ملنے والی تمام امداد کھو دیں گے








اگر آپ حکام کو اپنے یا اپنی کہانی کے
بارے میں سچ نہیں بتاتے یا اگر آپ
اہم معلومات چھپاتے ہیں یا جان
بوجھ کر اپنے دستاویزات تباہ کرتے ہیں
تو ہو سکتا ہے کہ آپ کی درخواست
کو مسترد کر دیا جائے اور آپ کو پناہ
نہ دی جائے۔

اگر حکام کو بعد میں معلوم ہو کہ
آپ نے پناہ کے پراسیس کے دوران سچ
نہیں بولا تھا، تو ہو سکتا ہے کہ آپ
سے آپ کی پناہ واپس لے لی جائے۔



آپ کے لئے جو اہم چیزیں جاننا ضروری تھیں، میں نے آپ کو
وہ سمجھا دی ہیں۔ آپ کے سرپرست اور حکام آپ کو پناہ کے
پراسیس کے دوران مزید وضاحت فراہم کریں گے۔




یاد رکھیں!
پناہ مانگنا مفت ہے




# احتیاط سے کام لیں

احسان یا رقم کے بدلے مدد پیش کرنے والوں سے محتاط رہیں۔ ہو سکتا کہ ان کے ارادے اچھے نہ ہوں۔



ہو سکتا ہے کہ کوئی آپ کو چھوڑ کر جانے پر اکسانے کی کوشش کرے۔ تاہم یاد رکھیں کہ آپ کو چھوڑ کر نہیں جانا چاہیے کیونکہ یہ آپ کے لئے خطرناک ہو سکتا ہے۔





اگر کوئی بھی شخص آپ کو ایسا کام کرنے پر آمادہ کرنے کی
کوشش کر رہا ہے، جو آپ نہیں کرنا چاہتے، یا جو آپ کو
صحیح نہیں لگ رہا، تو فوری طور پر اپنے سرپرست یا اپنے قیام
پر موجود بڑوں کو بتائیں۔





# اگر میں اپنے ملک واپس جانا چاہوں اور اپنی درخواست روکنا چاہوں تو مجھے کیا کرنا چاہیے؟



اگر آپ اپنے ملک واپس جانا چاہتے ہیں اور اپنی درخواست کو روکنا چاہتے ہیں تو اپنے سرپرست اور حکام کو بتائیں۔ وہ آپ کو محفوظ طریقے سے واپس جانے میں مدد کر سکتے ہیں۔



## میں نے جو سمجھایا ہے، اگر آپ اس کے بارے میں مزید کوئی سوالات پوچھنا چاہتے ہیں تو اپنے سرپرست، حکام، یا آپ کی رہائش پر موجود عملے سے پوچھیں



یہ کتابچہ صرف معلوماتی مقاصد کے لئے تیار کیا گیا ہے۔ اس سے اپنے آپ میں حقوق یا ذمہ داریاں تخلیق نہیں ہوتیں۔ یورپی یونین ایجنسی برائے پناہ (EUAA) نے اس مواد کا مرکزی حصہ فراہم کیا ہے، اور EUAA نے صرف EU کی رکن ریاستوں کو اس کی نقل بنانے اور اسے تبدیل کرنے کی اجازت دی ہے۔ EUAA، یورپی یونین کی رکن ریاستوں یا کسی بھی ذمہ دار فریقِ ثالث کی طرف سے اس کتابچے میں شامل کی جانے والی معلومات کے درست ہونے، مشمولات، مکمل ہونے، قانونی طور پر درست ہونے، یا معتبر ہونے کے سلسلے میں کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا۔ نہ تو EUAA اور نہ ہی EUAA کی طرف سے اقدام کرنے والا کوئی شخص اس کتابچے میں موجود معلومات کے کسی بھی استعمال کا ذمہ دار ہے۔

© یورپی یونین ایجنسی برائے پناہ، 2025